# سُوْرَةُ الْمُدَّثِّرِ مَكِّيَّةٌ

## بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

| | |
|---|---|
| يٰٓاَيُّهَا الْمُدَّثِّرُ ١ | اے اوڑھ لپیٹ کر لیٹنے والے ١ |
| قُمْ فَاَنْذِرْ ٢ | اٹھو اور خبردار کرو ٢ |
| وَرَبَّكَ فَكَبِّرْ ٣ | اور اپنے رب ہی کی بڑائی کا اعلان کرو ٣ |
| وَثِيَابَكَ فَطَهِّرْ ٤ | اور اپنے کپڑوں کو پاک صاف رکھو ٤ |
| وَالرُّجْزَ فَاهْجُرْ ٥ | اور ہر قسم کی گندگی سے اپنے آپ کو دور رکھو ٥ |
| وَلَا تَمْنُنْ تَسْتَكْثِرُ ٦ | اور مت احسان کرو اس غرض سے کہ زیادہ فائدہ حاصل ہو ٦ |
| وَلِرَبِّكَ فَاصْبِرْ ٧ | اور اپنے رب کی خاطر صبر کرو ٧ |
| فَاِذَا نُقِرَ فِي النَّاقُوْرِ ٨ | پھر جب پھونک ماری جائے گی صور میں ٨ |
| فَذٰلِكَ يَوْمَئِذٍ يَّوْمٌ عَسِيْرٌ ٩ | تو وہی دن ہوگا، بڑی مصیبت کا دن ٩ |
| عَلَى الْكٰفِرِيْنَ غَيْرُ يَسِيْرٍ ١٠ | کافروں کے لیے جس میں ذرا بھی آسانی نہ ہوگی ١٠ |
| ذَرْنِيْ وَمَنْ خَلَقْتُ وَحِيْدًا ١١ | چھوڑ دو مجھے اور اس شخص کو جسے پیدا کیا میں نے اکیلا ١١ |
| وَّجَعَلْتُ لَهٗ مَالًا مَّمْدُوْدًا ١٢ | اور دیا اس کو ڈھیروں مال ١٢ |
| وَّبَنِيْنَ شُهُوْدًا ١٣ | اور بیٹے، حاضر رہنے والے ١٣ |
| وَّمَهَّدْتُّ لَهٗ تَمْهِيْدًا ١٤ | اور راہ ہموار کی اس کے لیے سرداری کی ١٤ |
| ثُمَّ يَطْمَعُ اَنْ اَزِيْدَ ١٥ | پھر بھی وہ طمع رکھتا ہے کہ میں اسے اور زیادہ دوں ١٥ |

| | |
|---|---|
| كَلَّا ؕ اِنَّهٗ كَانَ لِاٰيٰتِنَا عَنِيۡدًا ؕ ۱۶ | ہرگز نہیں! وہ تو ہے ہماری آیات سے سخت عناد رکھنے والا ۱۶ |
| سَاُرۡهِقُهٗ صَعُوۡدًا ؕ ۱۷ | عنقریب میں چڑھاؤں گا اسے ایک کٹھن چڑھائی ۱۷ |
| اِنَّهٗ فَكَّرَ وَقَدَّرَۙ ۱۸ | واقعہ یہ ہے کہ اس نے سوچا اور کچھ بات بنانے کی کوشش کی ۱۸ |
| فَقُتِلَ كَيۡفَ قَدَّرَۙ ۱۹ | سو اللہ کی مار اس پر کیسی بات بنائی اس نے! ۱۹ |
| ثُمَّ قُتِلَ كَيۡفَ قَدَّرَۙ ۲۰ | پھر اللہ کی مار اس پر کیسی بات بنائی اس نے! ۲۰ |
| ثُمَّ نَظَرَۙ ۲۱ | پھر نظر دوڑائی ۲۱ |
| ثُمَّ عَبَسَ وَبَسَرَۙ ۲۲ | پھر پیشانی سکیڑی اور منہ بنایا ۲۲ |
| ثُمَّ اَدۡبَرَ وَاسۡتَكۡبَرَۙ ۲۳ | پھر پلٹا اور تکبر میں پڑ گیا ۲۳ |
| فَقَالَ اِنۡ هٰذَاۤ | آخر کار بولا، نہیں ہے یہ (قرآن) |
| اِلَّا سِحۡرٌ يُّؤۡثَرُۙ ۲۴ | مگر ایک جادو، جو پہلے سے چلا آرہا ہے ۲۴ |
| اِنۡ هٰذَاۤ اِلَّا قَوۡلُ الۡبَشَرِؕ ۲۵ | نہیں ہے یہ مگر انسانی کلام ۲۵ |
| سَاُصۡلِيۡهِ سَقَرَ ۲۶ | عنقریب ہم جھونک دیں گے اسے جہنم میں ۲۶ |
| وَمَاۤ اَدۡرٰٮكَ مَا سَقَرُؕ ۲۷ | اور کیا جانو تم، کیا ہے جہنم؟ ۲۷ |
| لَا تُبۡقِىۡ وَلَا تَذَرُۚ ۲۸ | (وہ جو) نہ باقی رہنے دے اور نہ چھوڑے ۲۸ |
| لَوَّاحَةٌ لِّلۡبَشَرِۚ ۲۹ | جھلسا دینے والی کھال کو ۲۹ |
| عَلَيۡهَا تِسۡعَةَ عَشَرَؕ ۳۰ | اس پر مقرر ہیں انیس (کارکن) ۳۰ |

| | |
|---|---|
| وَمَا جَعَلْنَآ اَصْحٰبَ النَّارِ اِلَّا مَلٰٓئِكَةً ۙ | اور نہیں بنائے ہیں ہم نے دوزخ کے یہ کارکن مگر فرشتے ہی۔ |
| وَّمَا جَعَلْنَا عِدَّتَهُمْ اِلَّا فِتْنَةً | اور نہیں بنایا ہم نے ان کی تعداد کو مگر ایک آزمائش |
| لِّلَّذِيْنَ كَفَرُوْا ۙ لِيَسْتَيْقِنَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا | کافروں کے لیے ۔ تاکہ یقین کرلیں اس کا وہ لوگ جنہیں دی گئی تھی |
| الْكِتٰبَ وَيَزْدَادَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِيْمَانًا | کتاب اور بڑھے ایمان والوں کا ایمان |
| وَّلَا يَرْتَابَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ | اور نہ شک میں رہیں وہ لوگ جنہیں دی گئی ہے کتاب |
| وَالْمُؤْمِنُوْنَ ۙ وَلِيَقُوْلَ الَّذِيْنَ | اور اہلِ ایمان اور کہیں وہ لوگ جن کے |
| فِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ وَّالْكٰفِرُوْنَ | دلوں میں بیماری ہے اور کافر |
| مَاذَآ اَرَادَ اللّٰهُ بِهٰذَا مَثَلًا ۭ | کیا چاہتا ہے اللہ اس مثال سے ؟ |
| كَذٰلِكَ يُضِلُّ اللّٰهُ مَنْ يَّشَاۗءُ | اسی طرح اللہ گمراہ کردیتا ہے جسے چاہے |
| وَيَهْدِيْ مَنْ يَّشَاۗءُ ۭ | اور ہدایت دیتا ہے جسے چاہے |
| وَمَا يَعْلَمُ جُنُوْدَ رَبِّكَ اِلَّا هُوَ ۭ | اور نہیں جانتا تیرے رب کے لشکروں کو کوئی سوائے اس کے۔ |
| وَمَا هِيَ اِلَّا | اور نہیں ہے یہ (دوزخ کا ذکر) مگر |
| ذِكْرٰى لِلْبَشَرِ ۝ۧ۳۱ | ایک نصیحت آدمیوں کے لیے ۝۳۱ |

| | |
|---|---|
| كَلَّا وَالْقَمَرِ ٣٢ | ہرگز نہیں! قسم ہے چاند کی ٣٢ |
| وَالَّيْلِ اِذْ اَدْبَرَ ٣٣ | اور رات کی جب وہ پلٹتی ہے ٣٣ |
| وَالصُّبْحِ اِذَآ اَسْفَرَ ٣٤ | اور قسم ہے صبح کی جب وہ روشن ہوتی ہے ٣٤ |
| اِنَّهَا لَاِحْدَى الْكُبَرِ ٣٥ | یقیناً یہ (دوزخ) ایک آفت ہے بڑی آفتوں میں سے ٣٥ |
| نَذِيْرًا لِّلْبَشَرِ ٣٦ | ڈراوا ہے انسانوں کے لیے ٣٦ |
| لِمَنْ شَآءَ مِنْكُمْ | ہر اس شخص کے لیے جو چاہے تم میں سے |
| اَنْ يَّتَقَدَّمَ اَوْ يَتَاَخَّرَ ٣٧ | کہ آگے بڑھے یا پیچھے رہے ٣٧ |
| كُلُّ نَفْسٍۭ بِمَا كَسَبَتْ رَهِيْنَةٌ ٣٨ | ہر شخص اپنے کمائے ہوئے اعمال کے بدلے میں رہن ہے ٣٨ |
| اِلَّآ اَصْحٰبَ الْيَمِيْنِ ٣٩ | سوائے دائیں بازو والوں کے ٣٩ |
| فِيْ جَنّٰتٍ ۛ يَتَسَآءَلُوْنَ ٤٠ | جو جنتوں میں ہوں گے اور پوچھیں گے ٤٠ |
| عَنِ الْمُجْرِمِيْنَ ٤١ | مجرموں سے ٤١ |
| مَا سَلَكَكُمْ فِيْ سَقَرَ ٤٢ | کیا چیز لے گئی تمہیں جہنم میں ٤٢ |
| قَالُوْا لَمْ نَكُ مِنَ الْمُصَلِّيْنَ ٤٣ | وہ کہیں گے نہ تھے ہم نماز پڑھنے والوں میں ٤٣ |
| وَلَمْ نَكُ نُطْعِمُ الْمِسْكِيْنَ ٤٤ | اور نہ کھلایا کرتے تھے ہم کھانا مسکین کو ٤٤ |
| وَكُنَّا نَخُوْضُ مَعَ الْخَآئِضِيْنَ ٤٥ | اور باتیں بنایا کرتے تھے ہم مل کر (حق کے خلاف) باتیں بنانے والوں کے ساتھ ٤٥ |
| وَكُنَّا نُكَذِّبُ بِيَوْمِ الدِّيْنِ ٤٦ | اور جھٹلایا کرتے تھے ہم روزِ جزا کو ٤٦ |
| حَتّٰىٓ اَتٰىنَا الْيَقِيْنُ ٤٧ | یہاں تک کہ آگئی ہمیں موت ٤٧ |

| | |
|---|---|
| فَمَا تَنْفَعُهُمْ شَفَاعَةُ الشّٰفِعِيْنَ ؕ﴿٤٨﴾ | سو نہ فائدہ پہنچائے گی اُن کو اب سفارش، سفارش کرنے والوں کی ﴿٤٨﴾ |
| فَمَا لَهُمْ عَنِ التَّذْكِرَةِ مُعْرِضِيْنَ ۙ﴿٤٩﴾ | آخر ان لوگوں کو کیا ہو گیا ہے کہ یہ اس کتابِ نصیحت سے منہ موڑے ہوئے ہیں ﴿٤٩﴾ |
| كَاَنَّهُمْ حُمُرٌ مُّسْتَنْفِرَةٌ ۙ﴿٥٠﴾ | گویا کہ وہ جنگلی گدھے ہیں ﴿٥٠﴾ |
| فَرَّتْ مِنْ قَسْوَرَةٍ ؕ﴿٥١﴾ | جو بھاگ پڑے ہوں شیر (کی آہٹ) سے ﴿٥١﴾ |
| بَلْ يُرِيْدُ كُلُّ امْرِئٍ مِّنْهُمْ | بلکہ چاہتا ہے ہر شخص ان میں سے |
| اَنْ يُّؤْتٰى صُحُفًا مُّنَشَّرَةً ۙ﴿٥٢﴾ | کہ دیا جائے اسے کھلا صحیفہ ﴿٥٢﴾ |
| كَلَّا ؕ بَلْ لَّا يَخَافُوْنَ الْاٰخِرَةَ ؕ﴿٥٣﴾ | ہرگز نہیں! اصل بات یہ ہے کہ یہ نہیں ڈرتے ہیں آخرت سے ﴿٥٣﴾ |
| كَلَّاۤ اِنَّهٗ تَذْكِرَةٌ ۚ﴿٥٤﴾ | خبردار یہ تو ایک نصیحت ہے ﴿٥٤﴾ |
| فَمَنْ شَآءَ ذَكَرَهٗ ؕ﴿٥٥﴾ | سو جس کا جی چاہے اس سے سبق حاصل کرے ﴿٥٥﴾ |
| وَمَا يَذْكُرُوْنَ اِلَّاۤ اَنْ يَّشَآءَ اللّٰهُ ؕ | اور نہیں سبق حاصل کریں گے یہ لوگ اس سے اِلّا یہ کہ چاہے اللہ۔ |
| هُوَ اَهْلُ التَّقْوٰى وَاَهْلُ الْمَغْفِرَةِ ۠﴿٥٦﴾ | وہ لائق ہے ڈرنے کے اور وہ مالک ہے بخشش کا ﴿٥٦﴾ |